[Published in the Gazette of Pakistan, Extraordinary, Part-1, dated the 14th October, 2021]

ORDINANCE NO. XXIV OF 2021

AN

ORDINANCE

further to amend the Diplomatic and Consular Officers (Oath and Fees) Act, 1948

WHEREAS, it is expedient further to amend the Diplomatic and Consular Officer (Oath and Fees) Act, 1948 (Act No. XXI of 1948), for the purposes hereinafter appearing;

AND WHEREAS the Senate and the National Assembly are not in session and the President of the Islamic Republic of Pakistan is satisfied that circumstances exist which render it necessary to take immediate action;

NOW THEREFORE, in exercise of the powers conferred by clause (1) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, the President of the Islamic Republic of Pakistan is pleased to make and promulgate the following Ordinance:—

1. **Short title and commencement.**—(1) This Ordinance shall be called the Diplomatic and Consular Officers (Oath and Fees) (Amendment) Ordinance, 2021.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment in section 3, Act XXI of 1948.**—In the Diplomatic and Consular Officers (Oath and Fees) Act, 1948(XXI of 1948), hereinafter referred to as the said Act, in section 3, in sub-section (1), after the word "administer", the expression "either online or in physical form," shall be inserted.

3. **Addition of Section 9, Act XXI of 1948.**—In the said Act, after section 8, the following new section shall be added, namely:—

> "9. **Power to make rules.**—The Federal Government may, by notification in the official Gazette, make rules for carrying out the purposes of this Act."

STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

This Bill seeks to enable and facilitate online services by saving time, reducing cost, and minimizing the difficulties to reach the Consulate and Mission. This Bill also seeks to empower Federal Government to make rules for carrying out the purposes of the Act XXI of 1948.

2. The Bill has been designed to achieve the aforesaid objectives.

(Makhdoom Shah Mahmood Qureshi)

[جریدہ پاکستان، غیر معمولی، حصہ اول، مورخہ 14/ اکتوبر ،2021ء میں شائع ہوا]

آرڈیننس نمبر ۲۴ مجریہ ۲۰۲۱ء

سفارتی وقونصلر افسران (حلف اور فیس) ایکٹ، ۱۹۴۸ء

میں مزید ترمیم کرنے کا آرڈیننس

ہرگاہ کہ، یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے سفارتی وقونصلر افسران (حلف اور فیس) ایکٹ، ۱۹۴۸ء (ایکٹ نمبر ۲۱ بابت ۱۹۴۸ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

اور چونکہ سینیٹ اور قومی اسمبلی کے اجلاس نہیں ہو رہے ہیں اور صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان کو اطمینان حاصل ہے کہ ایسے حالات موجود ہیں جن کی بناء پر فوری کارروائی کرنا ضروری ہو گیا ہے؛

لہٰذا، اب، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۱) کی رو سے حاصل شدہ اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے، صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان نے حسب ذیل آرڈیننس وضع اور جاری کیا ہے۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ آرڈیننس سفارتی وقونصلر افسران (حلف اور فیس) (ترمیمی) آرڈیننس، ۲۰۲۱ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ ۲۱ بابت ۱۹۴۸ء کی، دفعہ ۳ میں ترمیم:۔** سفارتی وقونصلر افسران (حلف اور فیس) ایکٹ، ۱۹۴۸ء (۲۱ بابت ۱۹۴۸ء) میں، بعد ازیں جس کا حوالہ مذکورہ ایکٹ کے طور پر دیا گیا ہے، کی دفعہ ۳ کی، ذیلی دفعہ (۱) کے بعد، لفظ ''انتظام کرنا''، کے بعد عبارت ''خواہ آن لائن یا عملی طور پر میں''، کو شامل کر دیا جائے گا۔

۳۔ **ایکٹ ۲۱ بابت ۱۹۴۸ء میں، دفعہ ۹ کا اضافہ:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۸ کے بعد، حسب ذیل نئی دفعہ کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۹۔ **قواعد وضع کرنے کا اختیار:۔** وفاقی حکومت، اس ایکٹ کی اغراض کی بجا آوری کے لیے سرکاری جریدے میں اعلامیے کے ذریعے سے قواعد وضع کر سکے گی۔"

بیان اغراض و وجوہ

اس بل کا مقصد آن لائن سروسز کے ذریعے سے وقت کی بچت، لاگت کی کمی اور قونصلیٹ اور مشن تک رسائی میں مشکلات کو کم کرنا ہے۔ اس بل کا مقصد ایکٹ ۲۱ بابت ۱۹۴۸ء کی اغراض کی بجا آوری کے لیے قواعد وضع کرنے میں وفاقی حکومت کو با اختیار بنانا بھی ہے۔

۲۔ اس بل کا مقصد مذکورہ بالا مقاصد کا حصول ہے۔

(مخدوم شاہ محمود قریشی)